مدیر کے نام

سمیع جمال،
کراچی

"وسطی ایشیا کے مسلمان" موصول ہوا۔ یاد آوری کا شکریہ۔ آپ کے مؤقر جریدے کے مضامین دینی اور تاریخی نوعیت کے ہوتے ہیں جن کے مطالعہ سے میری معلومات میں اضافہ ہوا ہے۔ ازراہ کرم وسط ایشیا کے شعراء اور ادباء کے کلام اور ان کے تعارف پر مبنی سلسلہ بھی شروع کیا جائے تاکہ شعر و ادب کے قارئین کو ادبی مواد مہیا ہو سکے۔ شکریہ۔

عتیق الرحمٰن خلیل،
کراچی

آپ کا مؤقر جریدہ ماہنامہ "وسطی ایشیا کے مسلمان" مختلف لائبریریوں میں دیکھنے اور مطالعہ کرنے کا موقع ملا۔ ہر پرچہ کو انتہائی مفید پایا۔
میں سمجھتا ہوں کہ یہ جریدہ اساتذہ، علماء، طلباء، اور دینی اور مطالعاتی مزاج رکھنے والے افراد کے لیے انتہائی معلومات افزاء اور دور حاضر کے تقاضوں کو سمجھنے کے لیے انتہائی مفید ہے اور میرے دل کی آواز ہے۔